ڈائریکٹر پبلک ریلیشن سندھ پولیس آفس
فون 99212639

گواہان کے تحفظ کے ضمن میں "فیس لیس کورٹس" کے قیام کا منصوبہ

کراچی یکم ستمبر 2014ء۔ سینٹرل پولیس آفس میں آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی کی زیر صدارت ایک اجلاس میں "فیس لیس کورٹس" کے جلد قیام کے حوالے سے پولیس سفارشات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ دہشت گردی ایکٹ کے تحت درج مقدمات اور سنگین نوعیت کے مقدمات میں گواہان کو تحفظ کی فراہمی کے ضمن میں فیس لیس کورٹس کے قیام کے منصوبے کا حکومتی اعلان بعد ازاں اس حوالے سے پیش رفت بھی ہوئی ہے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ گواہان اور انکے اہل خانہ کی زندگیوں کو ممکنہ لاحق خطرات کے باعث انتہائی ضروری ہوگیا ہے کہ ملزمان کو سزائیں دلوانے اور مقدمے کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیئے ججز، تفتیشی افسران اور پیروی کرنے والے وکلاء کو بھی تحفظ فراہم کیا جائے۔ مذکورہ فیس لیس کورٹس کے تحت تمام تر قانونی کاروائی کو پوشیدہ رکھا جائیگا اور ملزمان، مقدمات کے ججز، وکلاء، گواہان، اور یہاں تک کے تفتیشی افسران سے متعلق تفصیلات سے بھی لاعلم ہونگے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس قسم کا تجربہ امریکہ، برطانیہ و دیگر ممالک میں بھی انتہائی کامیاب رہا ہے اور اس کی وجہ سے ملزمان کو سزائیں دلوانے کی شرح میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

اجلاس میں بالخصوص شعبہ تفتیش سے وابستہ پولیس افسران واہلکاروں کو تحفظ فراہم کرنیکی سفارشات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ جس کے تحت منتخب کردہ پولیس لائنز میں نئے فیملی فلیٹس تعمیر کیئے جائیں گے۔ بعد ازاں تقرری کیلئے جانے والے ایسے علاقوں جہاں کہ پولیس اہلکاروں کی ٹارگٹ کلنگز کے واقعات زیادہ ہو رہے ہیں میں ذاتی رہائش رکھنے والے افسران اور جوانوں کو انکے اہل خانہ سمیت منتقل کیا جائیگا۔ اس حوالے سے دی گئیں دیگر سفارشات پر بھی آئی جی سندھ نے ضروری احکامات دیئے۔

\#

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس سندھ

فون: 9212639

پولیس کلب کراچی سے موبائل ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء کیا جا رہا ہے

کراچی یکم ستمبر 2014ء۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک سندھ/کراچی غلام قادر تھیبو کی جانب سے ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کے عمل میں شہریوں کو سہولتوں کی فراہمی کے سلسلے میں جاری ہدایات کے تناظر میں مورخہ 5 ستمبر 2014ء سے ٹریفک پولیس کراچی موبائل ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کا باقاعدہ آغاز پولیس کلب کراچی سے کر رہی ہے۔

پولیس ترجمان نے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے خواہشمند عوام اہل خواتین و حضرات سے کہا ہے کہ مفاد عامہ کے سلسلے میں جاری اقدامات میں ٹریفک پولیس کے ساتھ ہر ممکن تعاون کو یقینی بنائیں تاکہ ایسے اقدامات کو وسعت دیتے ہوئے شہریوں کو آسانیاں فراہم کی جا سکیں۔

#